فتاوي محموديه 10 / 278

کیا اعتکاف کے لئے مسجد، اذان اور جماعت شرط ہیں؟

سوال [۴۹۶۵] : ۶..... اعتکاف کیلئے مسجد، اذان، نماز جماعت شرط ہے یا جس مقام میں نہ ہو یا چند مسلمان نمازی روزہ دار ہوں یا گاؤں میں چند مکان مسلمانوں کے ہوں، نہ نماز پڑھتے ہوں، نہ روزہ رکھتے ہوں، وہاں بھی اعتکاف ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب

۶...... اعتکاف ایسی مسجد میں کیا جائے جہاں اذان اور پنجگانہ جماعت کا اہتمام ہو، ویران جنگل کی مسجد یا عیدگاہ میں نہیں، جہاں بھی مسلمان ہوں ان کو اذان و جماعت کا اہتمام لازم ہے، جہاں مسجد نہ ہو وہاں اعتکاف مسنون نہیں (۳)۔